پریس ریلیز

گوجرانوالہ 07 جون 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) کی وفد کے ہمراہ صوبائی وزیر صنعت وتجارت شافع حسین سے اہم ملاقات۔ وفد میں سابق صدور اخلاق احمد بٹ، محمد شعیب بٹ، شیخ نعمان صلاح الدین، سابق نائب صدر عرفان یعقوب بٹ و دیگر شامل تھے۔ وفد کی قیادت کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کے متعلق مسائل سے آگاہ کیا اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ کاروباری حالات کی نزاکت کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت فوری طور پر صنعت دوست پالیسیاں مرتب کرے اور پالیسیاں مرتب کرتے وقت تمام چیمبرز کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔ علاوہ ازیں انہوں نے وزیر صنعت وتجارت کو چیمبر میں آنے کی دعوت دی۔

صوبائی وزیر صنعت وتجارت شافع حسین نے گوجرانوالہ چیمبر کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ملکی صنعت کو بیشمار چیلنجز کا سامنا ہے حکومت انڈسٹری کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بے شمار اصلاحات کر رہی ہے انڈسٹری کو ریلیف ملے گا تو ملک میں روزگار کے مواقع پیدا ہونگے اور ملکی معیشت بہتر ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ کی صنعتی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا ملکی معیشت میں گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ وفد نے بزنس کمیونٹی کے جن مسائل کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے ان کے تدارک کیلئے چیمبر آف کامرس کی مشاورت سے ان مسائل کو حل کیا جائے گا علاوہ ازیں بہت جلد گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کا دورہ بھی کیا جائے گا تاکہ باہمی مشاورت سے کاروباری آسانیاں پیدا کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کو درپیش جن مسائل کی طرف نشاندہی کرائی گئی ہے انہیں فوری حل کیا جائے گا۔